Urdu

5

سگریٹ نوشی
آگ سے حفاظت

محکمہ اطفائیہ، نیو یارک شہر
آگ سے بچنے کی تعلیم

Bill de Blasio, Mayor
Daniel A. Nigro, Commissioner

رہائشی مکانوں کی آگ میں کسی بھی اور آگ کے مقابلے میں زیادہ اموات تنباکو کے مواد جیسے سگریٹ کے جلتے ہوئے ٹکڑے یا راکھ بے احتیاطی سے پھینک دینے یا کہیں رکھ چھوڑنے سے ہوتی ہیں۔ سگریٹ نوشی کے مواد اکثر پہلا شعلہ بھڑک اٹھنے سے پہلے گھنٹوں سلگتے رہتے ہیں۔ سگریٹ نوشی سے رہائشی گھروں میں آگ میں مرنے والے کے لیے بھاگ نکلنا اکثر اس لیے مشکل ہوا کہ وہ سو رہے تھے۔ میٹرس اور بسترے اکثر پہلے آگ پکڑنے والے سامان ہوتے ہیں، اور اس کے بعد کوڑے دان اور پوشش والا فرنیچر۔

سگریٹ نوشی کے موادکے نتیجے میں پیدا ہونے والی آگ میں مرنے کا خطرہ عمر کے ساتھ بڑھ جاتا ہے

سگریٹ نوشی کے مواد کی آگ کے شکار لوگوں میں 40 % کی عمر 65 یا اس سے زیادہ تھی، جب کہ آبادی میں ان کا تناسب 13 %رہا۔

سگریٹ پینے والوں کے گھروں میں سگریٹ نہ پینے والوں کے مقابلے میں آگ لگنے کا اندیشہ سات گنا زیادہ ہوتا ہے۔

اگر آپ سگریٹ پیتے ہیں تو اپنی اور اپنے خاندان کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے زیادہ احتیاط کیجئے۔

سگریٹ نوشی سے حفاظت کی تقابلی فہرست

اگر آپ یا آپ کے گھر میں کوئی سگریٹ پیتا ہے، تو اپنے گھر کو محفوظ بنائیں:

- ✓ بڑی اور گہری ایش ٹرے استعمال کریں اور اس کا بار بار جائزہ لیتے رہیں۔
- ✓ اپنے گھر میں مہمان نوازی کے بعد ہمیشہ پوشش والے فرنیچر اور تکیوں کے درمیان اور نیچے اور کوڑے دانوں کا جائزہ لیں کہ کہیں جلتے ہوئے سگریٹ کے ٹکڑے نہ سلگ رہے ہوں۔
- ✓ سگریٹ کے جلتے ٹکڑے پھینک دینے سے پہلے پانی میں ڈبودیں۔
- ✓ **بستر میں یا لیٹے ہوئے سگریٹ نہ پئیں، خاص کر اگر آپ اونگھ رہے ہوں، دوائی کے اثر میں ہوں یا شراب پیتے رہے ہوں۔**
- ✓ گھر میں اضافی دھوئیں کے الارم لگانے کا سوچیں، خاص کر **فوٹو الیکٹرک قسم**، جو کہ سلگتی ہوئی آگ کے لئے سب سے زیادہ معتبر ہے۔

بلا نگرانی موم بتیاں = آگ کا خطرہ



دیا سلائیاں، لائٹر اور بچے،

بچے دیا سلائیوں اور لائٹروں میں کشش محسوس کرتے ہیں جس سے ان کے لیے آگ کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

- دیاسلائیاں اور لائٹر اونچی جگہ پر اور بچوں کی نظر اور پہنچ سے دور رکھیں
- جب سگریٹ پینے والے آپ کے گھر آئیں انہیں بتائیں کہ وہ سگریٹ نوشی کی اشیاء اپنے پاس رکھیں تاکہ بچے ان کو چھو نہ سکیں۔

دھوئیں کے ڈیٹیکٹر جانیں بچاتے ہیں | دھوئیں کے ڈیٹیکٹر جانیں بچاتے ہیں | دھوئیں کے ڈیٹیکٹر جانیں بچاتے ہیں | دھوئیں کے ڈیٹیکٹر جانیں بچاتے ہیں

FIRE DEPARTMENT
CITY OF NEW YORK
9 METROTECH CENTER
BROOKLYN, NEW YORK 11201-3857

Issued By
FDNY FIRE SAFETY EDUCATION UNIT &
FDNY OFFICE OF PUBLIC INFORMATION
www.nyc.gov/fdny
www.fdnyfoundation.org